# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

## آئی این ایس اے نے ایم سی اے آر ایس، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ڈاکٹر سوم لتا کو بطور ینگ ایسوسی ایٹ منتخب کیا

New Delhi, May 21, 2025

انڈین نیشنل سائنس اکیڈمی (آئی این ایس اے) نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ڈاکٹر سوم لتا کو مول کیولر پیراسیٹولوجی کے میدان میں ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں بطور ینگ ایسوسی ایٹ منتخب کیا ہے۔ یہ موقر اعزاز اپنے میدان میں معلومات کی ترقی کے تئیں ان کے وقف ہونے کو اجاگر کرتا ہے اور تحقیق کے میدان میں ایکسیلینس کے فروغ کے تئیں جامعہ کے عہد کی توثیق کرتا ہے۔

ڈاکٹر سوم لتا ملٹی ڈسلپنری سینٹر فار ایڈوانسڈ رسرچ اینڈ اسٹڈیز (ایم سی اے آر ایس) میں فیکلٹی رکن ہیں انھیں انڈوسائٹک پروسیس آف پروٹوزون پیراسائٹ انٹاموئیبا ہسٹولیٹیکا جو ہمارے ملک کے لیے خدشات کا روگ دائی ہے، اس میں ان کی غیر معمولی تحقیق کا اعتراف کیا گیا ہے۔ بطور آئی این ایس اے ینگ ایسوسی ایٹ ان کا انتخاب اثر آفریں سائنسی انکشافات کے لیے ان کے امکانات کو نشان زد کرتا ہے اور ساتھ ہی ملک میں تحقیق کے ماحولیات نظام میں تعاون بھی دیا ہے۔

ہندوستان کی سرکردہ سائنسی تنظیم آئی این ایس اے جو سائنسی تحقیق کو فروغ دیتی ہے اور سائنس اور ٹکنالوجی کے میدان میں ایکسیلینس کی عزت افزائی کرتی ہے، اسی تنظیم نے آئی این ایس اے ینگ ایسوسی ایٹ پروگرام شروع کیا تھا۔ یہ پہل نئے ابھرتے ہوئے سائنس دانوں کو شناخت کرتی ہے اور انھیں اشتراک، میٹورشپ اور پیشہ ورانہ فروغ کے مواقع فراہم کرکے ان کی مدد کرتی ہے۔ ڈاکٹر سوم لتا کی حصولیابی ان کی انفرادی ذہانت وفطانت کے ساتھ ساتھ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں فعال تحقیقی ماحول کا بھی ثبوت ہے۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اظہار تشکر کرتے ہوئے ڈاکٹر سوم لتا نے کہا ''بطور آئی این ایس اے ینگ ایسوسی ایٹ منتخب ہونا میرے لیے انتہائی عزت وتوقیر کی بات ہے۔ یہ اعتراف مجھے اپنی تحقیقی کاوشوں کو آگے بڑھانے میں بطور محرک کام کرے گا اور سائنس کے میدان میں بامعنی طور پر تعاون کے لیے بھی تحریک کا باعث ہوگا۔ میں اپنے میٹورز، رفقائے کار اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مستقل تعاون کی ممنون ہوں''۔

یونیورسٹی نے ڈاکٹر سوم لتا کی غیر معمولی تحقیق اور ان کی اہم کامیابی کے لیے انھیں مبارک باد دی ہے۔ ان کی تحقیق سے

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہورہی اعلی معیار تحقیق کا ہی پتہ نہیں چلتا بلکہ نئی سائنس کی مدد سے عالمی چیلنجز سے نبرد آزما محققین کی نشو ونما کے لیے عالمی معیار کے محققین کے تیئں یونیورسٹی کی کوششوں اور اس کے عہد کا بھی اندازہ ہوتا ہے

**پروفیسر صائمہ سعید**
**افسر اعلی، تعلقات عامہ**
**جامعہ ملیہ اسلامیہ**